سوال

برائے مہربانی جلد از جلد جواب عنایت فرمادیں ۔ ایمر جنسی ہے

جواب

غیر آئسہ کا اگر حیض منقطع ہو جائے السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ایک خاتون کو اس کے شوہر نے طلاق دے دی ہے اور وہ خاتون عدت گزار رہی ہیں ۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ خاتون کو دو حیض آنے کے بعد اب تک تیسرا حیض نہیں آیا ہے ۔ یعنی دو ماہ مسلسل آیا لیکن تیسرا حیض نہیں آیا اور دو ماہ مزید گزر گئے ہیں ۔ یعنی اب پانچواں مہینہ ہے حیض کو نہ آئے ہوئے ۔ پانچ ماہ سے وہ خاتون عدت میں ہیں اور کافی پریشان بھی ہیں کہ آخر کب تک وہ عدت میں بیٹھی رہیں گی ۔ خاتون بالکل جوان ہے آئسہ بھی نہیں ہے ۔ برائے مہربانی وضاحت فرمائیں کہ وہ تیسرے حیض کا انتظار کرے گی یا کوئی اور حل ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد ! ایسی خاتون کے حوالے سے سعودی عرب کے معروف عالم دین شیخ صالح العثیمین کا فتوی یہ ہے کہ وہ عورت یا تو اپنے حیض کا انتظار کرے اور حیض آنے کے بعد آگے نکاح کرے ، لیکن اگر حیض نہ آنے کی مدت زیادہ طویل ہو جائے تو پھر ایک سال تک انتظار کرے تاکہ اس کا استبراء رحم ہو جائے ، اس میں نو ماہ حمل کی وضاحت اور تین ماہ عدت کے ہوں گے ۔ (مجموعۃ أسئلۃ تہم الأسرۃ المسلمۃ" ص 61-63) ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی